Erum Asif

# WE LEARN ENGLISH

## دو زبانی رہنمائے اساتذہ Bilingual Teaching Guide

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

1

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# Contents


| | | |
|---|---|---|
| Introduction | | iv |
| Unit 1 | Revising the alphabet | 2 |
| Unit 2 | Nasir and Nadia | 8 |
| Unit 3 | Learning to read | 20 |
| Review Test 1 | Answer key | 30 |
| Unit 4 | What are they doing? | 32 |
| Unit 5 | Mr Khan, the fruit seller | 42 |
| Unit 6 | Colours and animals | 56 |
| Review Test 2 | Answer key | 68 |
| Unit 7 | Familiar surroundings | 70 |
| Unit 8 | Taking care of our environment | 80 |
| Unit 9 | Meeting people | 88 |
| Unit 10 | Going places | 92 |
| Unit 11 | Story time | 96 |
| Review Test 3 | Answer key | 100 |
| Assessment | | 102 |
| Worksheets | | 106 |
| Answer Key | | 112 |

# Introduction

Teaching Guide 1 – 8 have been designed to support teachers using *We Learn English* textbooks 1 – 8. The primary objective of these guides is to assist teachers in planning their lessons in a way which allows them to achieve their learning objectives in a fun and interactive classroom environment. The guide contains individual teaching sessions offering a wide variety of approaches to learning and teaching.

**The Teaching Guide offers:**

- Objectives and Learning Outcomes

  These help both teachers and students focus at imparting and acquiring the concepts and skills being taught.

- Teaching methodology

  Lesson plans are explained in an easy manner. They aim at providing students with ample opportunities to interact with the language meaningfully in order to achieve the learning outcomes. Teacher demonstrations along with shared reading and shared writing are a prominent feature of many suggested lesson plans. A wide variety of whole class, group, pair, and individual tasks are also set which involve reading, writing, speaking, and listening actively.

- Suggested lesson outlines

  The suggested lesson outline breaks up the lesson into easy-to-follow stages, each with its own estimated time slot.

- Extended activities

  Picture flashcards, vocabulary cards, stories, songs, role plays, puzzles, and question and answer sessions cater to a wide variety of learning styles. Children practice skills and concepts in ways which make learning fun and interactive.

- Additional worksheets

  Additional worksheets act as useful classroom tools to provide further practice and help students become active English-language learners.

A wide range of abilities, interests, and motivation exist in the average classroom. It is not realistic or practical, therefore, to stick rigidly to any lesson plan or activity outlined within. All the suggestions in this guide, therefore, allow flexibility and may be adapted depending on the individual classroom situation.

The English portion of this teaching guide has been updated with reference to updates in the book (We Learn English Book 1) for alignment with Pakistan's latest curriculum. Urdu section has been updated accordingly as well.

# تعارف

رہنمائے اساتذہ 1 تا 8 ''وی لرن انگلش'' (We Learn English) کی آٹھ درسی کتب کو پڑھانے میں اساتذہ کی معاونت کے لیے ترتیب دی گئی ہے۔ اس رہنمائے اساتذہ کا بنیادی مقصد اساتذہ کی تدریس کے لیے ایسا لائحہ عمل اپنانے میں مدد کرنا ہے جس کے ذریعے وہ کمرۂ جماعت کے ماحول کو بوجھل بنائے بغیر بچوں سے ہلکی پھلکی بات چیت کرکے سبق کے اہداف حاصل کرسکیں۔ اس رہنمائے اساتذہ میں تدریس کے انفرادی طریقے بھی بتائے گئے ہیں اس کے علاوہ اساتذہ کے لیے درس و تدریس کے مختلف طریق کار بھی پیش کیے گئے ہیں۔

## رہنمائے اساتذہ میں شامل ہیں:

- مقاصد اور نتائج

یہ رہنمائے اساتذہ ان تصورات اور مہارتوں پر توجہ مرکوز رکھنے میں اساتذہ اور طلبا دونوں کی مدد کرے گی جو سکھائے اور سیکھے جا رہے ہیں۔

- سبق پڑھانے کا مجوزہ طریقہ کار

اساتذہ کو اسباق پڑھانے کے طریقوں کی آسان انداز میں وضاحت کی گئی ہے۔ ان کا مقصد طلبا کو ایسے مواقع فراہم کرنا ہے کہ وہ زبان کو بامعنی طریقے سے استعمال کرسکیں تاکہ تدریس کے بھرپور نتائج حاصل ہوسکیں۔ اسباق پڑھانے کے مجوزہ طریقوں کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اساتذہ نہ صرف بچوں کے سامنے عملی مظاہرہ کریں گے بلکہ وہ بچوں کی ایک ساتھ مل کر بلند آواز میں پڑھنے یا بلند خوانی کرنے اور مشترکہ طور پر لکھائی کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ اس کے علاوہ پوری کلاس، گروہ یا ٹولی، جوڑے کو یا طلبا کو انفرادی سطح پر پڑھنے، لکھنے، بولنے، اور سننے جیسی سرگرمیوں میں حصہ لینا ہوگا۔

- سبق کا مجوزہ خاکہ

سبق کا مجوزہ خاکہ ہر سبق کو آسان مراحل میں تقسیم کرتا ہے، ہر مرحلے کی تکمیل کے لیے مقررہ مدت دی گئی ہے۔

- توسیعی سرگرمیاں

تصویری فلیش کارڈز، ذخیرۂ الفاظ کے کارڈز، کہانیاں، گیت، اداکاری، پہیلیاں اور سوال جواب کی نشست، سیکھنے کے عمل میں وسیع تنوع پیدا کرتے ہیں۔ بچے سکھائی جانے والی انگریزی کی استعداد اور مختلف چیزوں کے بارے میں پیش کیے جانے والے تصورات اور ان پر ہونے والی بات چیت کے دوران مزے مزے میں بہت سی باتیں سیکھتے ہیں۔

- اضافی ورک شیٹس

اضافی ورک شیٹس کمرۂ جماعت کی مفید چیز ہیں جن سے بچے مزید مشق کرتے ہیں اور یہی انہیں فعال طریقے سے انگریزی سیکھنے میں مدد دیتی ہیں۔ ایک عام کمرۂ جماعت میں مختلف صلاحیتوں، دلچسپیوں اور ترغیبات کے حامل طلبا موجود ہوتے ہیں۔ اس لیے کسی سبق کو پڑھانے کے لیے اس میں دی گئی کسی سرگرمی پر سختی سے کاربند رہنا حقیقت پسندانہ یا عملی سوچ نہیں ہے چنانچہ اس رہنمائے اساتذہ میں جو تجاویز دی گئی ہیں، ان پر سختی سے عمل کرنے کے بجائے ان میں کمرۂ جماعت کی صورتحال کے مطابق رد و بدل کی گنجائش موجود ہے۔ اس تدریسی گائڈ کے انگریزی حصے کو کتاب (We Learn English Book 1) میں تازہ ترین معلومات کے حوالے سے اپ ڈیٹ کیا گیا ہے تاکہ پاکستان کے جدید نصاب سے ہم آہنگ ہو سکے۔ اردو سیکشن کو بھی مناسب طریقے سے اپ ڈیٹ کر دیا گیا ہے۔

# Unit 1 Revising the alphabet

**OBJECTIVES:**

- To recognize shape of letters and name them
- To trace and copy small and capital letters
- To match capital and small letters

**LEARNING OUTCOMES:**

- By the end of this lesson, students should be able to identify, name, and write small and capital letters of the alphabet and recognize the beginning sounds of familiar words (especially their names).

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS):**

- Chart papers
- Loose sheets of paper
- Old magazines and newspapers

**METHOD:**

- **Introduction:** Introduce the students to the letters of the alphabet by telling them that there are 26 letters in the English alphabet. It is important to develop an awareness of all the letters first and this can be done in a fun and enjoyable manner by singing the alphabet song.
- **Reading and writing practice:** After singing the alphabet song, begin teaching each letter individually and systematically. It is better not to rush at this stage. Take your time to familiarize students with each letter before moving on to the next one. Give students plenty of time to practice writing each letter. Write each letter on the board and read it out loudly and clearly. Then suggest an item that begins with that letter. Next ask the students to suggest another thing which begins with the same letter. For example, you may say, "This is the letter A. Alligator begins with A. Does anyone know what else begins with A? Ahmed, your name begins with A. Why don't you suggest something? Ali also begins with A. Okay, Ali do you have anything in mind which begins with A?" List the students' suggestions on the board. Next, tell the students they will now practise writing the letter. Ask each student to open their textbook and practice writing the letters.

  Unit 2 provides writing practice for capital letters. Systematically, go through each letter in the textbook with the students. This may take several class sessions.

# حروف تہجی سیکھنا

## مقاصد:

- حروف کی شکل اور ان کا نام پہچاننا
- چھوٹے اور بڑے (capital) حروف تہجی کو چھاپنا اور ان کی نقل کرنا
- بڑے اور چھوٹے حروف تہجی کو ملانا

## نتائج:

- اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ چھوٹے اور بڑے حروف تہجی کو پہچان سکیں ، ان کے نام بتا سکیں اور انہیں لکھ سکیں ، اور عام الفاظ کی ابتدائی آوازوں کو (خاص طور پر ان کا نام) پہچان سکیں۔

## تدریس کے لیے درکار امدادی اشیا:

- چارٹ پیپرز
- کاغذ کی چند شیٹس
- پرانے رسالے اور اخبارات

## طریقۂ کار:

- تعارف: طلبا کو حروف تہجی سے متعارف کرائیں اور انہیں بتائیں کہ انگریزی میں 26 حروف تہجی ہوتے ہیں۔ یہ اہم ہے کہ وہ پہلے تمام حروف تہجی سے آگاہ ہوجائیں۔ اس کے لیے کوئی پرلطف طریقہ اپنائیں مثلاً حروف تہجی کا گانا گایا جا سکتا ہے۔ بچوں سے بھی کہیں کہ وہ یہ گانا گائیں۔
- پڑھنے اور لکھنے کی مشق: حروف تہجی کا گانا گانے کے بعد ہر حرف کو الگ الگ ترتیب وار سکھانا شروع کریں۔ بہتر ہو گا کہ اس مرحلے کو آہستہ آہستہ طے کریں ، جلدی نہ کریں۔ بچوں کو ہر حرف سے متعارف کرانے میں جتنا وقت درکار ہو ، ضرور استعمال کریں ، اس کے بعد اگلے حرف پر جائیں۔ ہر حرف کی لکھائی کی مشق کے لیے بچوں کو کافی وقت دیں۔ ہر حرف کو بورڈ پر لکھیں ، اس کا نام بلند آواز میں واضح طور پر لیں۔ پھر کسی چیز کا نام لیں جو اس حرف سے شروع ہوتا ہو۔ اس کے بعد طلبا سے کہیں کہ وہ اسی حرف سے شروع ہونے والی کسی چیز کا نام بتائیں۔مثال کے طور پر آپ کہہ سکتی ہیں "یہ حرف A ہے۔ Alligator شروع ہوتا ہے A سے۔ کیا کسی کو پتا ہے کہ A سے اور کون سی چیز کا نام آتا ہے؟ احمد آپ کا نام A سے شروع ہوتا ہے۔ آپ ایسی کسی چیز کا نام بتائیں۔علی کا نام بھی A سے شروع ہوتا ہے۔علی کیا آپ کے ذہن میں A سے آنے والی کوئی چیز ہے؟" بچے جو الفاظ بتائیں انہیں بورڈ پر لکھتی جائیں۔ اب بچوں کو بتایئے کہ ہم اس حرف کو لکھنے کی مشق کریں گے۔ تمام بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی درسی کتاب کا درست صفحہ کھولیں اور حروف لکھنے کی مشق کریں۔

یونٹ 2 بڑے حروف کی لکھائی کی مشق دی گئی ہے۔ بچوں کو درسی کتاب میں ہر حرف کی ترتیب وار مشق کروائیں۔ اس میں کئی کلاس سیشنز کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

- **Activity time (Capital-Letter Posters):** Divide the class into groups and provide each group with materials to make their own Capital-Letter Posters. You may ask students before hand to bring some chart paper and old magazines and newspapers for this activity. Each group will write the capital letter on the chart paper and then cut and paste pictures of objects beginning with the letter beside it. They may do so for all the letters of the alphabet and display their Alphabet posters in the class.
- **Reading and writing practice:** Now introduce students to small letters. Read with the students slowly. Ask the students to pay close attention to the small letters written beside the capital letters. Emphasize that this is another way of writing the letters and each small letter makes the same sound as its capital letter.

  Write each small letter slowly on the board. Ask for volunteers from the class to write the corresponding capital letter on the board for you. Next, ask for volunteers to write the small letter again. Make sure each student gets a chance to write at least one letter on the board for you.

  Next, tell the students they will now practice writing small letters. Unit 2 provides writing practice for small letters. Systematically go through each letter in the textbook with the students. This may take more than one class session.

- **Activity time (Small alphabet flashcards):** Tell the students they will be creating their own small-alphabet cards. Take loose sheets of paper and cut them to create small cards. Each student will then write one small letter on each card to create a set of flashcards. They may decorate or colour it as they like. This set of flashcards can be used for further activities. For example, the teacher may write the capital 'A' on the board and ask students to raise their small 'a' card. She may make pictures of simple objects on the board and ask students to show the letter that object begins with and so on.

**EXTENDED ACTIVITIES:** Ask students to finish the activity of their textbook in pairs and then take turns to read the letters aloud to each other. You may also make copies of **Worksheet 1** and assign it as homework.

**RECOMMENDATIONS:**

While learning the letters of the alphabet, it is always a good idea to make sure that the students have ample opportunity to learn to recognize letters, write letters, and understand how each letter represents a certain sound. As you teach each letter, each student should be given an opportunity to:

- see the letter
- hear the letter
- say the letter

- سرگرمی کا وقت (بڑے حروف کا پوسٹر) : پوری کلاس کو مختلف گروہوں میں بانٹ دیں اور ہر گروہ کو ضروری چیزیں فراہم کریں جن سے وہ اپنا "بڑے حروف کا پوسٹر" (Capital-Letter Poster) بنائے۔ آپ پہلے سے بچوں سے کہہ سکتی ہیں کہ وہ اس سرگرمی کے لیے چند چارٹ پیپر، پرانے رسالے اور اخبارات لے کر آئیں۔ ہر گروپ چارٹ پیپر پر بڑا حرف لکھے گا اور اس حرف سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں کاٹ کر اس کے پاس چپکائے گا۔ گروپ تمام حروف تہجی کے ساتھ ایسا کرے گا اور تیار ہو جانے پر اپنا پوسٹر کلاس میں دکھائے گا۔
- پڑھنے اور لکھنے کی مشق: اب طلبا کو انگریزی کے چھوٹے حروف تہجی (Small Letters) سے متعارف کروائیں۔ طلبا کے ساتھ مل کر آہستہ آہستہ پڑھیں۔ طلبا سے کہیں کہ وہ بڑے حروف تہجی (Capital Letters) کے ساتھ لکھے گئے انگریزی کے چھوٹے حروف تہجی کو بھی غور سے دیکھیں۔ اس بات پر زور دیں کہ یہ بھی انھی حروف تہجی کو لکھنے کا ایک اور طریقہ ہے اور چھوٹا حرف بھی بڑے حرف جیسی آواز دیتا ہے۔

ہر چھوٹا حرف بورڈ پر آہستہ آہستہ لکھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کون سا بچہ آکر بورڈ پر چھوٹے حرف کے سامنے اسی کا بڑا حرف تہجی لکھے گا۔ اس کے بعد ان سے پھر پوچھیں کہ کون سا بچہ آ کر دوبارہ چھوٹا حرف تہجی لکھے گا۔ یہ بات یقینی بنائیں کہ ہر بچے کو بورڈ پر کم از کم ایک بار کوئی حرف لکھنے کا موقع ملے۔

اس کے بعد بچوں کو بتائیں کہ اب وہ چھوٹے حروف تہجی لکھنے کی مشق کریں گے۔ ان سے کہیں کہ وہ درسی کتاب کا متعلقہ صفحہ کھولیں اور چھوٹے حروف تہجی لکھنے کی مشق کریں۔ یونٹ 2 میں چھوٹے حروف لکھنے کی مشق دی گئی ہے۔ درسی کتاب میں ہر حرف کو ترتیب وار لکھوائیں۔ اس کام میں ایک سے زیادہ پیریڈز لگ سکتے ہیں۔

- سرگرمی کا وقت (چھوٹے حروف تہجی کے فلیش کارڈز) : بچوں کو بتائیں کہ اب وہ اپنے لیے چھوٹے حروف تہجی کے کارڈ بنائیں گے۔ کاغذ کی چند شیٹس کاٹ کر ان سے چھوٹے کارڈ بنائیں۔ ہر طالب علم ہر کارڈ پر ایک چھوٹا حرف لکھے گا، اس طرح فلیش کارڈز کا ایک سیٹ تیار ہو جائے گا۔ بچے جس طرح چاہیں ان حروف میں رنگ بھریں یا اسے سجائیں۔ فلیش کارڈز کا یہ سیٹ مستقبل کی سرگرمیوں کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر ٹیچر بورڈ پر بڑا A لکھ کر بچوں سے کہیں کہ وہ چھوٹے a کا اپنا اپنا کارڈ اٹھا کر دکھائیں۔ وہ عام اور سادہ چیزوں کی تصویریں بورڈ پر بنا کر بچوں سے کہہ سکتی ہیں کہ اس چیز کا نام جس حرف سے شروع ہوتا ہے بچے اس حرف کا کارڈ دکھائیں۔ اسی طرح یہ سلسلہ چلتا رہے۔

## توسیعی سرگرمیاں:

بچوں سے کہیں کہ وہ دو دو کی ٹیم بنا کر درسی کتاب کی سرگرمی کو پورا کریں، اس کے بعد باری باری ایک دوسرے کو بہ آواز بلند حروف پڑھ کر سنائیں۔

آپ ورک شیٹ 1 کی نقول بنوا کر بچوں کو بطور ہوم ورک بھی دے سکتی ہیں۔

## سفارشات:

حروف تہجی سکھاتے ہوئے اس بات کو یقینی بنانا بہتر ہوتا ہے کہ بچوں کو حروف کی پہچان، حروف کی لکھائی اور یہ جاننے کا کافی موقع ملے کہ ہر حرف کس طرح ایک خاص آواز کو ظاہر کرتا ہے۔ جب بچوں کو آپ ہر حرف سکھا رہی ہوں تو ہر طالب علم کو اس بات کا موقع ملنا چاہیے کہ وہ:

- حرف کو دیکھے
- حرف کی آواز سنے
- حرف کی آواز نکالے

- write the letter, and finally,
- read the letter.

Create class displays using large posters of both upper and lower-case letters with pictures of items that begin with the letters. It is also helpful if alphabet blocks, large alphabet flashcards, and play dough are used to make letters.

Revise on a daily basis, through the alphabet songs or short activities or by simply selecting a "Letter of the Day" and identifying items around the classroom which begin with that letter.

Learning the letters is a difficult task. Some students will find it hard to identify the letters, name the letters; and write them properly. Be patient and encourage your students. Tell them to "keep at it", "try again", or "keep up the good work". Children learn at their own pace and it is very important to encourage and support them.

**Answer Key for Unit 1:**

**Activity time**

A. bee ball
B. dolphin dog drum
C. flag tap star hat

- حرف کو لکھے ، اور آخر میں
- حرف کو پڑھے

کلاس میں بڑے اور چھوٹے حروف تہجی والے پوسٹرز اور ان حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر دکھائی جائیں۔حروف تہجی کے بلاکس، حروف تہجی کے بڑے فلیش کارڈز اور گوندھی ہوئی مٹی (play dough) حروف بنانے کے لیے استعمال کرنا بھی مفید ہو گا۔

سبق روز دہرایا جائے۔ اس کے لیے حروف تہجی کا گانا یا دوسری چھوٹی چھوٹی سرگرمیاں کی جائیں یا محض ''آج کا حرف'' منتخب کیا جائے اور اس حرف سے شروع ہونے والی کلاس میں موجود چیزیں دکھائی جائیں۔

حروف سیکھنا ایک دشوار کام ہے۔بعض بچوں کو حروف کی پہچان اور انھیں درست طور پر رکھنے میں مشکل ہوسکتی ہے۔صبرو تحمل سے کام لیں اور طلبا کی حوصلہ افزائی کریں۔ ان سے کہیں کہ ''شاباش'' یا ''دوبارہ کوشش کریں''، ''اچھا کام کیا ہے، شاباش''۔ بچوں کے سیکھنے کی اپنی رفتار ہوتی ہے۔ یہ بہت اہم ہے کہ ان کی حوصلہ افزائی اور مدد کی جائے۔

## یونٹ 1 کے جوابات

سرگرمی کا وقت

A. bee ball
B. dolphin dog drum
C. flag tap star hat

# Unit 2 Nasir and Nadia

## LESSON 1:

### OBJECTIVE:

- To build students communication skills and vocabulary by identifying and talking about family members who live in their own homes.

### LEARNING OUTCOME:

- By the end of this lesson students should be able to use appropriate vocabulary to name and describe their family members.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS):

- A family photograph. (The teacher can bring her own family photograph to show to the children.)
- Loose sheets of plain or coloured paper.

### METHOD:




- **Introduction:** Draw a large rough sketch of a house on the board. Write beneath in bold letters, “This is my house.” Ask the students to do the same in their books or on paper. Students must now name the family members who live with them. Write down the relations on the board. At the end of this activity teacher will have a list of relations.

# ناصر اور نادیہ

سبق 1

## مقاصد:

- طلبا سے ان کے اہل خانہ کی شناخت اور افراد خانہ کے بارے میں بات چیت کے ذریعے ان کی گفتگو کی صلاحیتوں اور ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کرنا۔

## نتائج:

- اس سبق کے خاتمے پر طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہیے کہ وہ اپنے گھر والوں کے نام اور ان کی پہچان کے لیے مناسب الفاظ استعمال کر سکیں۔

## تدریس کے لیے درکار امدادی اشیا:

- کسی گھرانے یا خاندان کی تصویر۔ (ٹیچر بچوں کو دکھانے کے لیے اپنے اہل خانہ کی تصویر لا سکتی ہیں)
- سفید یا رنگین کاغذوں کی شیٹس

## طریقۂ کار:




- تعارف: بورڈ پر مکان کا ایک بڑا سا خاکہ بنائیے۔ اس کے نیچے جلی حروف میں لکھیے "یہ میرا گھر ہے"۔ بچوں سے کہیے کہ وہ بھی اپنی اپنی کاپیوں میں یا کاغذ پر گھر کی تصویر بنائیں۔ اب وہ اپنے گھر میں رہنے والوں کے نام بتائیں۔ آپ رشتے بورڈ پر لکھ دیں۔ اس سرگرمی کے خاتمے پر ٹیچر رشتوں کی ایک فہرست بنا لے گی۔

**Family members might include:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| - mother | - father | - brother | - sister |
| - grandmother | - grandfather | - aunt | - uncle |
| - cousin | | | |

- **Listening activity**: Show the students the family photograph you have. Use simple sentences to talk about each family member in the photograph.

  **Example**:

  This is my father. He is a doctor.
  This is my mother. She loves to cook.
  This is my brother. He loves to play football.

- **Oral presentation:** You may tell the students that they will be creating their very own Family Album. Give them some sheets of plain or coloured paper to make their drawings. On each page they have to draw a picture of one of their family members, write that person's name and the relationship. Students might be able to write the same sentence pattern on each page:

  Example:




Ahmed. This is my brother.

Staple the drawings to create a book to which more pages can be added.

Ask each student to show their family album to the class and talk about any one family member. Prompt each student with questions related to their family members.

Sample questions might include:

Who is this? Is this your brother? What is his name? How old is your brother? What does he love to do?

Speaking in front of the class will help build the students' confidence and enhance their language skills. It is recommended that you provide all your students ample opportunities to participate actively in class and interact with their peers.

- **Reading activity:** Next, tell the students they would now be meeting Nasir and Nadia's family. As you read each sentence you might ask shy or quiet students simple questions related to their families: do they have a grandfather or grandmother; what does their father do; do they have a younger brother like Nasir and Nadia and so on. Then let the students read the sentences.

گھرانے یا خاندان کے ارکان میں شامل ہو سکتے ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| والدہ | والد | بھائی | بہن |
| دادی | دادا | خالہ / چچی / پھوپھی | خالو / چچا / پھوپھا |

خالہ زاد بھائی / بہن

- سننے کی مشق: آپ کے پاس جو تصویر ہے وہ طلبا کو دکھائیے۔ تصویر میں خاندان کے ہر فرد کے بارے میں بتاتے ہوئے سادہ جملے استعمال کیجیے۔ مثلاً:
- یہ میرے والد ہیں۔ یہ ڈاکٹر ہیں۔
- یہ میری والدہ ہیں۔ انھیں کھانا پکانا پسند ہے۔
- یہ میرا بھائی ہے۔ اسے فٹ بال کھیلنا پسند ہے۔
- زبانی پیش کاری: طلبا سے آپ اپنے اپنے خاندان یا گھر والوں کی تصویروں کا البم تیار کرنے کے لیے کہہ سکتی ہیں۔ چند سفید یا رنگین کاغذ طلبا کو دیں تاکہ وہ ان پر ڈرائنگ کریں۔ انھیں ہر صفحے پر اپنے گھرانے کے کسی ایک فرد کی تصویر بنانی ہوگی، اس کا نام اور اس سے اپنا رشتہ لکھنا ہوگا۔ وہ ہر صفحے پر ایک جیسے جملے لکھ سکتے ہیں:

مثلاً:




احمد۔ یہ میرا بھائی ہے۔

ان کاغذوں کو پن سے جوڑ کر ایک کتاب بنائیں جس میں مزید صفحات کا اضافہ کرنا ممکن ہو۔

اب ہر طالب علم سے کہیے کہ وہ اپنے گھرانے کی فوٹو البم کلاس کو دکھائے اور خاندان کے کسی بھی ایک فرد کے بارے میں بتائے۔ ہر بچے سے اس کے خاندان کے افراد کے بارے میں سوال کیجیے۔

سوالات اس طرح ہو سکتے ہیں:

یہ کون ہے؟ کیا یہ آپ کا بھائی ہے؟ اس کا نام کیا ہے؟ آپ کے بھائی کی عمر کیا ہے؟ اسے کیا کرنا پسند ہے؟

کلاس کے سامنے کھڑا ہو کر بولنے سے طالب علم میں اعتماد پیدا ہوگا اور اس کی زبان میں مہارت بڑھے گی۔ بہتر ہوگا کہ آپ کلاس کے ہر طالب علم کو اس سرگرمی میں عمدگی سے شرکت اور اپنے ہم جماعتوں سے بات چیت کا پورا موقع دیں۔

- پڑھنے کی مشق: بچوں کو بتائیں کہ اب وہ ناصر اور نادیہ کے گھرانے سے مِلیں گے۔ آپ ہر جملہ پڑھتے ہوئے کلاس کے شرمیلے یا خاموش طبع بچوں سے ان کے گھرانے کے بارے میں سادہ سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ مثلاً: کیا آپ کے دادا یا دادی ہیں؟ آپ کے ابو کیا کرتے ہیں؟ کیا ناصر اور نادیہ کی طرح آپ کے چھوٹے بھائی بہن ہیں؟ وغیرہ۔ اس کے بعد بچوں سے جملے پڑھنے کو کہیں۔

**Activity time – Meet Nasir, Nadia, and their family**

**OBJECTIVES:**

- To illustrate family members though family tree
- To unscramble jumbled words
- Develop ability to introduce themselves
- Brainstorm their favourite things
- Identify shapes in their environment

**LEARNING OUTCOMES:**

- Draw a family tree to illustrate family members
- Understand jumbled words
- Introduce themselves
- identify objects of different shapes in their environment

**RESOURCES REQUIRED:**

- Paint
- Fingerprints
- Family picture
- Self-picture

**METHOD:**

- Activity – Make your family tree: Instructor will make a family tree on the board, such as one given below, and label the boxes starting with grandparents, followed by parents and children/siblings. Students can illustrate their own family tree the same way. They could use paint to imprint their fingerprints in their notebooks. The title should be My Family. For homework, ask students to also paste their favourite family picture, with the help of the parents.
- Think-pair-share: Writing time, Ex. B. Write [tcheaer] on the board and ask students whether this word makes sense. This is the jumbled form of words. Can anyone guess the real word? Answer: teacher. Similarly, write [merkar] and [mthoer] on the board and ask students to guess the answers [marker, mother]. Students will attempt exercises individually.

**Look what Nasir is saying:**

- Read aloud: Select a student to read aloud Nasir's dialogue to the class. Inform students about the importance of parents. Exposition: Parents have a huge

## سرگرمی کا وقت - ملیے ناصر، نادیہ اور ان کے گھر والوں سے

### مقاصد :

- گھر والوں کی مثال شجرۂ نصب کے حوالے سے دینا
- الجھے ہوئے الفاظ کو کھولنا
- اپنا تعارف کروانے کی صلاحیت تیار کرنا
- اپنی پسندیدہ چیزیں سوچیں
- اپنے اطراف میں شکلیں پہچانیں

### نتائج :

اس سبق کے خاتمے پر طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہیے کہ :

- ایک شجرۂ نصب بنائیں اپنے گھر والوں کی مثال دینے کے لیے۔
- الجھے ہوئے الفاظ کو سمجھیں۔
- اپنا تعارف کروائیں۔
- مختلف شکلوں والی اشیا کی شناخت کریں۔

### تدریس کے لیے درکار امدادی اشیا:

- پینٹ / رنگ
- گھر والوں کی تصاویر
- انگلیوں کے نشان
- اپنی تصویر

### طریقۂ کار:

- سرگرمی: اپنا شجرۂ نصب بنائیں: انسٹرکٹر بورڈ پر ایک شجرۂ نصب بنائے گا، جیسا نیچے دیا گیا ہے اور ڈبو کو لیبل کرے گا، دادا دادی سے شروع کرے اس کے بعد امی ابو اور بچے یا بہن بھائیں آئیں گے۔ بچے اپنا شجرۂ نصب خود بنا سکتے ہیں اسی طریقے سے وہ پینٹ استعمال کر کے اپنی انگلیوں کے نشان اپنی کاپی میں چھاپ سکتے ہیں۔ اس کا ٹائٹل ''میرا خاندان'' ہونا چاہیے۔ گھر کا کام کے لیے بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے خاندان کی پسندیدہ تصویر اپنے گھر والوں کی مدد سے لگائیں۔
- تھنک، پیئر، شیئر: لکھنے کا وقت، Ex. B، بورڈ پر [tchear] لکھیں اور طلبا سے پوچھیں اگر انہیں یہ لفظ سمجھ آ رہا ہے یہ جملہ الجھا ہوا ہے۔ کیا کوئی صحیح لفظ پہچان سکتا ہے؟ جواب: استاد اسی طرح بورڈ پر لکھیں۔ [merkar] اور [mthoer] اور طلبا سے الفاظ پہچاننے کو کہیں [marker, mother]۔طلبا اس سوال کو انفرادی طور پر حل کریں گے۔

### دیکھو ناصر کیا کہہ رہا ہے:

- اونچی آواز میں پڑھیں: ایک طالب علم کو منتخب کریں جو ناصر کا مکالمہ کلاس میں بلند آواز میں پڑھ کر سنائے۔طلبا کو ماں باپ کی اہمیت کے بارے

responsibility of looking after their children: teaching them to walk, talk and behave right. Parents work hard in earning money to make sure that we are well-fed and healthy. This is why we should also try to help them out at home, be kind to them and look after them, especially in their old age.

- Next, ask students to think of one way they look after their parents. Each child to share a point with class.

**Nadia is introducing herself to the class.**

- Introduce yourself: Select another student to read Nadia's dialogue. Inform students that Nadia is answering these questions (to be written on the board): What is your name? Where do you live? How many siblings do you have? What do you like? What do you want to be when you grow up? Similarly, ask 3 students to come to the board and introduce themselves likewise. All students to paste a picture of themselves, as instructed in the book.
- Writing time: Students to brainstorm their favourites in the category of food, fruits, cartoon, book and subject at school. Given exercise to be completed individually. Inform them that they should write at least 3 favourites. Ex. B to be done as pair activity. Teacher could select five pairs to share each other's answers from their notebooks, by saying:
- His/Her favourite food/fruit/cartoon/books/subjects are…
- Ex. C – ask students to observe the given picture and circle the word that matches.
- Hey! The shapes want to introduce themselves too!
- **Brainstorm:** The shapes given in the poem are: circle, square, triangle and rectangle. Before reading the poem aloud, make four columns on the board for these shapes and ask students whether they can identify any object around them that is circular/squarical/ triangular/rectangular. Record responses on the board. Responses can be objects beyond the classroom.

**SUGGESTED LESSON OUTLINE:**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction:** Students identify different family members. | 5 min |
| 2. | **Listening Activity:** Students listen to the teacher talk about a family photograph. | 5 min |
| 3. | Students create a family album and talk about a family member. | 20 min |
| 4. | Students listen to and then read aloud to each other. | 10 min |

میں بتائیں۔ ایکسپوزیشن: ماں باپ کی بہت بڑی ذمہ داری ہوتی ہے اپنے بچوں کی دیکھ بھال کرنا، انہیں چلنا، بات کرنا اور صحیح برتاؤ کرنا سکھانا۔ ماں باپ پیسے کمانے کے لیے بہت محنت کرتے ہیں صرف اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ہم پیٹ بھر کر کھانا کھائیں اور تندرست رہیں۔ اسی لیے ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ ہم گھر پر ان کی مدد کریں، ان سے اچھے سے پیش آئیں اور ان کا خیال رکھیں، خصوصاً اس عمر میں۔

- اس کے بعد طلبا سے کہیں کہ وہ اپنے والدین کا جس طرح سے خیال رکھتے ہیں اس کا ایک طریقہ سوچیں۔ ہر طالب علم اپنا طریقہ پوری جماعت کے ساتھ شیئر کریں۔

## نادیہ کلاس میں اپنا تعارف کروا رہی ہے:

- اپنا تعارف کروائیں: نادیہ کا مکالمہ پڑھنے کے لیے کسی اور طالب علم کا انتخاب کریں۔طلبا کو بتائیں کہ نادیہ ان سوالوں کے جواب دے رہی ہے (جو کہ بورڈ پر لکھے جائیں گے): آپ کا نام کیا ہے؟ آپ کہاں رہتے ہیں؟ آپ کے کتنے بہن بھائی ہیں؟ آپ کو کیا پسند ہے؟ آپ بڑے ہو کر کیا بننا چاہتے ہیں؟ اسی طرح تین طلبا کو بورڈ تک بلائیں اور ان سے کہیں کہ اسی طرح اپنا تعارف کروائیں۔ تمام طالب علم اپنی تصاویر چسپاں کریں گے جیسا کہ کتاب میں ہدایت دی گئی ہے۔
- لکھنے کا وقت: طلبا اسکول میں کھانے، پھل، کارٹون، کتاب اور مضمون کے زمرے میں اپنی پسند کے بارے میں سوچیں۔ دی گئی مشق کو انفرادی طور پر مکمل کیا جائے۔طلبا کو کہیں کہ وہ کم از کم تین پسندیدہ چیزیں لکھیں۔مشق B جوڑے کی سرگرمی کے طور پر کی جائے گی۔ استاد اپنی نوٹ بک سے ایک دوسرے کے جوابات بانٹنے کے لیے پانچ جوڑے منتخب کر سکتے ہیں، یہ کہہ کر:
- اس کا / ان کی پسندیدہ کھانا / پھل / کارٹون / کتابیں / مضامین ہیں...
- مشق C: طلبا سے کہیں کہ وہ دی گئی تصویر کا مشاہدہ کریں اور پھر ان الفاظ پر دائرہ بنائیں جو تصویر سے ملتے ہیں۔
- ارے! شکلیں بھی اپنا تعارف کروانا چاہتی ہیں!
- برین اسٹورم: نظم میں جو شکلیں دی گئی ہیں وہ یہ ہیں: دائرہ، مربع، مثلث اور مستطیل۔نظم کو بلند آواز سے پڑھنے سے پہلے، ان اشکال کے لیے بورڈ پر چار کالم بنائیں اور طالب علموں سے پوچھیں کہ کیا وہ اپنے اردگرد کسی ایسی چیز کی شناخت کر سکتے ہیں جو گول/چکور/ مثلث / مستطیل ہو۔ بورڈ پر جوابات ریکارڈ کریں۔ جوابات کلاس روم سے باہر کی چیزیں ہوسکتی ہیں۔

## سبق کا مجوزہ خاکہ:

| | کام | دورانیہ |
|---|---|---|
| 1۔ | تعارف: طلبا گھرانے یا خاندان کے مختلف افراد کو شناخت کریں۔ | 5 منٹ |
| 2۔ | سمعی سرگرمی: طلبا ٹیچر کی بات سنیں جو انہیں کسی گھرانے کی تصویر کے بارے میں بتا رہی ہیں۔ | 5 منٹ |
| 3۔ | طلبا اپنے گھرانے کا ایک فوٹو البم بنائیں اور گھرانے کے ایک فرد کے بارے میں بتائیں۔ | 20 منٹ |
| 4۔ | طلبا ایک دوسرے کو بلند آواز سے سنائیں۔ | 10 منٹ |

## LESSON 2: Nasir looks at the pictures and names them.

**OBJECTIVES:**

- To name and identify common objects
- To identify beginning sounds and ending sounds

**LEARNING OUTCOMES:**

By the end of this lesson, students should be able to:

- identify and name common objects around them in and outside the classroom.
- identify beginning and ending sounds.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS):**

- Objects of common use, for example, a book, pen, glasses, duster, hairbrush, bag, eraser, etc.

**METHOD:**

- **Introduction**: Collect some objects of common use. Pick each up, show it to the class, and name it clearly. It will be useful to emphasize on the beginning sounds here. For example, you may pick up a book, name it clearly, and emphasize that it begins with the letter B.
- **What is this? (Activity):** After you have named all the objects, you may now state that it's the students' turn to identify and name the objects around them. Start with the objects on the desk. Ask for volunteers from the class to identify and name the object you are holding up. You may also tell the students which sound each object begins with.
- **Reading activity**: Now tell the students they will be helping Nasir and Nadia identify some common objects. Ask the students to open to pages 35-36 of the textbook. Ask students to name and identify objects beginning with different letters. For example, on page 35, you may ask the students to name the object beginning with the letter 'B'. After getting the students' response, clearly pronounce the name of the object for the rest of the class. Slowly, once again read the name of each object aloud.
- **Pair work:** Let the students read the names aloud to each other in pairs.
- **'I See' game (Activity):** Divide the class into groups of four. Select an object in the classroom. (For this activity, you may also take the students outside the class, for example, to the playground or library) Tell each group in turn, "I see something here beginning with the letter ______." All the group members must then run and touch the object beginning with the letter identified by you. They will gain points if they touch the correct object. As students get better at identifying initial consonant sounds, change the game to "I see something here ending with the letter ________," to practise final consonant sounds.

## سبق 2 : ناصر تصویر کو دیکھتا ہے اور نام بتاتا ہے

### مقاصد :

- عام چیزوں کی شناخت کرنا اور ان کا نام بتانا
- ان الفاظ کی ابتدائی آواز اور اختتامی آواز پہچاننا

### نتائج :

اس سبق کے خاتمے پر طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہیے کہ :

- کمرۂ جماعت کے اندر اور باہر پائی جانے والی عام چیزوں کو پہچان سکیں اور ان کے نام لے سکیں۔
- ان ناموں کی ابتدائی آواز اور اختتامی آواز پہچان سکیں۔

### تدریس کے لیے درکار امدادی اشیا:

- عام استعمال کی چیزیں ، مثلاً کتاب ، قلم ، عینک ، جھاڑن ، کنگھا ، بستہ اور ربر وغیرہ۔

### طریقۂ کار:

- تعارف : عام استعمال کی چند چیزیں جمع کریں۔ ہر چیز باری باری اٹھا کر طلبا کو دکھائیں اور واضح طور پر اس کا نام لیں۔ بہتر ہو گا کہ چیز کی ابتدائی آواز پر زور دیا جائے۔مثلاً کتاب (Book) اٹھا کر اس کا واضح نام لیں اور بتائیں کہ Book شروع ہوتی ہے B سے۔
- یہ کیا ہے؟ [What is this?] (سرگرمی) : جب آپ تمام چیزوں کے نام لے چکیں تو آپ کہہ سکتی ہیں کہ اب بچوں کی باری ہے جو اپنے اردگرد کی چیزوں کو پہچانیں اور ان کے نام بتائیں۔ ڈیسک پر رکھی ہوئی چیزوں سے اس سرگرمی کا آغاز کریں۔ اب کوئی چیز اٹھا کر کلاس سے پوچھیں کہ کون سا بچہ اس چیز کا نام بتائے گا؟ آپ طلبا کو بتا سکتی ہیں کہ ہر چیز کا نام کس آواز سے شروع ہو رہا ہے۔
- پڑھنے کی مشق: اب طلبا سے کہیں کہ وہ چند عام چیزیں پہچاننے میں ناصر اور نادیہ کی مدد کریں گے۔ بچوں سے کہیں کہ وہ درسی کتاب کے صفحات 2 سے 5 تک کھولیں۔ کلاس سے پوچھیں کہ کون سا بچہ مختلف آوازوں سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتائے گا۔مثلاً آپ بچوں سے پوچھ سکتی ہیں کہ صفحہ 2 پر B سے کس چیز کا نام شروع ہوتا ہے۔ بچوں کے جوابات حاصل کرنے کے بعد بقیہ کلاس کی خاطر چیز کا نام واضح طور پر لیں۔ بعد میں ہر چیز کا نام بلند آواز سے لیں لیکن یہ عمل آہستہ آہستہ انجام دیں تاکہ بچوں کو ذہن نشین کرنے کا موقع مل سکے۔
- جوڑی بنا کر کام : طلبا کی جوڑیاں بنا دیں ، جوڑی کا ہر بچہ دوسرے کو چیزوں کے نام بلند آواز میں پڑھ کر سنائے۔
- ''آئی سی'' گیم [I See game] (سرگرمی) : کلاس کو چار چار طلبا کے گروہوں یا ٹولیوں میں تقسیم کر دیں۔ اب کوئی ایک چیز لیں۔ (اس سرگرمی کے لیے آپ طلبا کو کلاس سے باہر مثلاً کھیل کے میدان یا لائبریری میں لے جا سکتی ہیں) اب ہر گروہ سے باری باری کہیں ''مجھے یہاں حرف ____ سے شروع ہونے والی ایک چیز نظر آ رہی ہے گروہ کے تمام ارکان دوڑ کر جائیں اور اس حرف سے شروع ہونے والی چیز کو ہاتھ لگا کر آئیں۔ اگر وہ درست چیز کو ہاتھ لگا کر آئیں تو ان کو پوائنٹ دیں۔ جب آپ محسوس کریں کہ بچے ابتدائی حرفِ صحیح (consonant) کی آواز کو درست طور پر پہچاننے لگے ہیں تو کھیل کو تھوڑا بدل دیں اور کہیں ''مجھے یہاں حرف ____ پر ختم ہونے والی ایک چیز نظر آ رہی ہے'' تاکہ بچے آخری حرفِ صحیح (consonant) کی آواز کو پہچاننے لگیں۔

**SUGGESTED LESSON OUTLINE:**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction:** Students listen to the different objects' names. | 5 min |
| 2. | '**What is this' Activity**: Students identify the different objects around them. | 10 min |
| 3. | Students read with the help of the teacher and then to each other. | 15 min |
| 4. | Students play the **'I See' game** to identify initial and final consonant sounds. | 10 min |

- **EXTENDED ACTIVITIES:** Ask the students to draw a picture of an object beginning with the letters A to Z on loose sheets of paper and then staple them into a picture booklet.

**Answer Key for Unit 2 – Nasir and Nadia**

**Writing time – Meet Nasir, Nadia, and their family**

A. 1. Nadia is Nasir's sister.
   2. Nasir is Mr Kamran's son
   3. Noman is Nadia's brother.

B. family son sister tree brother

**Writing time – Nadia is introducing herself to the class**

C. 1. Pen 2. Dog 3. Cat 4. Jug 5. Hat 6. Bee

**Activity time**

B. 1. Square 2. Triangle 3. Circle 4. Rectangle

C. oval square triangle rectangle

## سبق کا مجوزہ خاکہ :

| | کام | دورانیہ |
|---|---|---|
| 1۔ | تعارف: طلبا مختلف چیزوں کے نام سنیں۔ | 5 منٹ |
| 2۔ | ”یہ کیا ہے؟“ سرگرمی: طلبا اپنے اردگرد موجود چیزوں کو پہچانیں۔ | 10 منٹ |
| 3۔ | طلبا ٹیچر کی مدد سے پڑھیں، پھر بلند آواز سے ایک دوسرے کو سنائیں۔ | 15 منٹ |
| 4۔ | طلبا ابتدائی اور اختتامی consonant آواز پہچاننے کے لیے ”آئی سی گیم“ کھیلیں۔ | 10 منٹ |

## توسیعی سرگرمیاں:

- طلبا سے کہیں کہ وہ A سے Z تک، تمام حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویر الگ الگ کاغذوں پر بنائیں اور انہیں نتھی کر کے ایک تصویری کتاب بنائیں۔

## یونٹ 2 کے جوابات: ناصر اور نادیہ

لکھنے کا وقت: ملیے ناصر، نادیہ اور ان کے گھر والوں سے

A. 1. Nadia is Nasir’s sister.
   2. Nasir is Mr Kamran’s son
   3. Noman is Nadia’s brother.

B. family son sister tree brother

لکھنے کا وقت: نادیہ کلاس میں اپنا تعارف کروا رہی ہے

C. 1. Pen 2. Dog 3. Cat 4. Jug 5. Hat 6. Bee

سرگرمی کا وقت:

B. 1. Square 2. Triangle 3. Circle 4. Rectangle

C. oval square triangle rectangle

## LESSON 1

**OBJECTIVE:**

- To identify words that rhyme
- Understand the importance of helping people in need
- Identify missing vowels in simple words
- Differentiate between long and short vowel sounds

**LEARNING OUTCOMES:**

By the end of this lesson, students must be able to

- define what are rhyming words, identify words that rhyme, and give more rhyming words.
- Learn how to help the needy
- Fill in missing vowels in simple words
- Recognize long and short vowel sounds

**METHOD:**

- **Introduction:** Start the lesson by asking the students whether they remember any nursery rhymes. Recite the first few lines of the following nursery rhymes aloud, stopping right before a rhyming word to allow the students to fill it in.

  - Twinkle, Twinkle, little star,
    How I wonder what you ___________ (Pause to allow students to complete the rhyming pair).
  - Little Bo Peep,
    Has lost her ___________.
  - Humpty Dumpty sat on a wall,
    Humpty Dumpty had a great ___________.
  - Little Miss Muffet,
    Sat on a ___________.
  - Jack and Jill,
    Went up the ___________,

## سبق 1

### مقاصد:

- ہم قافیہ (rhyming) الفاظ کو پہچاننا
- آسان الفاظ میں گمشدہ مصوتوں کی شناخت کریں
- طویل اور مختصر مصوتوں کی آوازوں کے درمیان فرق کریں

### نتائج:

اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہیے کہ وہ:

- ہم قافیہ الفاظ کی تعریف اور شناخت کر سکیں اور ایسے ہی مزید الفاظ بتا سکیں۔
- ضرورت مندوں کی مدد کرنے کا طریقہ سیکھیں۔
- گمشدہ حُروف کو آسان الفاظ میں بھریں۔
- طویل اور مختصر مصوتوں کی آوازوں کو پہچان سکیں۔

### طریقۂ کار:

- تعارف: سبق کے آغاز میں بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہیں نرسری کی کوئی نظم یاد ہے۔ درج ذیل نرسری نظموں کی ابتدائی چند سطریں بلند آواز میں سنائیں۔ ہم قافیہ الفاظ آنے سے پہلے رک جائیں تا کہ بچے خود آگے پڑھیں۔

- Twinkle, Twinkle, little star,
  How I wonder what you ___________ (Pause to allow students to complete the rhyming pair).
- Little Bo Peep,
  Has lost her ___________.
- Humpty Dumpty sat on a wall,
  Humpty Dumpty had a great ___________.
- Little Miss Muffet,
  Sat on a ___________.
- Jack and Jill,
  Went up the ___________,

Tell your students that all nursery rhymes are fun and easy to remember because they contain rhyming words.

- **Activity time (What's in a rhyme?):** Ask the class what rhyming words are. After eliciting their responses, tell them that *rhyming words* are words that end with the same sound, for example, hat and cat. Reinforce this concept with the help of examples. Ask your students to show a thumbs-up sign when you say a pair of words that rhyme and a thumbs-down sign when you say a pair of words that do not rhyme.

Go on to clearly say a few more pairs of words:

| | | |
|---|---|---|
| Rat – Mat | Pan – Tin | Sun – Gun |
| Pail – Cow | Rose – Nose | Hall – Ball |

- **Activity time (Rhyme Worms):** Write the word 'AT' in bold letters on the board within a circle. Ask the students to think of words which rhyme with 'at'. As they respond, draw more circles on the board and within each circle, write the new rhyming word suggested by your students. Link all the circles together to make a rhyme worm.




Repeat the same process for each of the following words: cap, ban, get, it, bun, pop, cot, and box.

- **Reading activity:** Slowly read out words that rhyme on this page. Emphasize that the ending sounds and often the ending letters of the rhyming words are the same. Ask your students to work in pairs and read aloud the rhyming words to each other. Students must also complete the matching activity on the same page with the help of their friend.

- **Writing activity:** Try creating small poems with the class using the group of rhyming words. For example, the rhyming words above may be used in a poem such as:

Nadia has a cat,
It sits on her mat,
It is rather fat,
As it eats a lot of rats.

بچوں کو بتائیں کہ نرسری کی نظمیں مزے دار ہوتی ہیں اور انہیں یاد رکھنا آسان ہے کیونکہ ان میں ہم قافیہ الفاظ آتے ہیں۔

- سرگرمی کا وقت (نظم میں کیا ہوتا ہے؟) : کلاس سے پوچھیں کہ ہم قافیہ الفاظ کیا ہوتے ہیں۔ انہیں جواب سوچنے کا موقع دیں، پھر انہیں بتائیں کہ ہم قافیہ الفاظ وہ ہوتے ہیں جو ایک جیسی آواز پر ختم ہوں، مثلاً ہیٹ اور کیٹ۔مثالوں کی مدد سے یہ تصور راسخ کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ آپ کو سنیں، جب آپ دو ہم قافیہ الفاظ بولیں تو بچے انگوٹھا اوپر کریں (یعنی 'او کے') اور جب آپ غیر ہم قافیہ الفاظ ادا کریں تو وہ انگوٹھے کا رخ نیچے کی طرف کریں۔

لفظوں کے چند جوڑے سنائیں:

| | | |
|---|---|---|
| Rat – Mat | Pan – Tin | Sun – Gun |
| Pail – Cow | Rose – Nose | Hall – Ball |

- سرگرمی کا وقت (ہم قافیہ الفاظ کی زنجیر) : بورڈ پر ایک دائرہ بنا کر اس میں AT جلی حروف میں لکھ دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ایسے الفاظ سوچیں جو at کے ساتھ قافیہ بناتے ہوں۔ بچوں کے جوابات سن کر ایک کے بعد دوسرا دائرہ بناتے جائیں اور ہر دائرے میں ان کا بتایا ہوا نیا ہم قافیہ لفظ لکھ دیں۔ تمام دائروں کو جوڑ کر "ہم قافیہ الفاظ کی زنجیر" (Rhyme Worm) بنا دیں جیسا کہ تصویر میں ہے۔




ان الفاظ کے ساتھ بھی یہی عمل دہرائیں: cap, ban, get, it, bun, pop, cot, box۔

- پڑھنے کی مشق: اس صفحے پر دیے گئے ہم قافیہ الفاظ آہستہ آہستہ پڑھیں۔ اختتامی آوازوں پر، اور اکثر ہم قافیہ الفاظ کے اختتامی حروف پر زیادہ زور دیں، اور بچوں کو بتائیں کہ وہ کس طرح یکساں ہوتے ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ دو دو کی جوڑی میں کام کریں اور ہم قافیہ الفاظ ایک دوسرے کو بلند آواز سے سنائیں۔طلبا اسی صفحے پر لفظ ملانے (matching) کی سرگرمی بھی اپنے ساتھی کی مدد سے ضرور مکمل کریں۔
- لکھنے کی مشق: کلاس کے ساتھ مل کر چھوٹی چھوٹی نظمیں تخلیق کرنے کی کوشش کریں اور اس کے لیے ہم قافیہ الفاظ کے مجموعوں سے مدد لیں۔

مثلاً، اوپر دیے گئے ہم قافیہ الفاظ سے یہ نظم بن سکتی ہے:

Nadia has a cat,
It sits on her mat,
It is rather fat,
As it eats a lot of rats.

**SUGGESTED LESSON OUTLINE:**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction**: Read aloud nursery rhymes. | 5 min |
| 2. | **'What's in a rhyme' activity:** Students define rhyming words and learn to identify them. | 10 min |
| 3. | **'Rhyme worms' activity:** Students come up with different rhyming words. | 20 min |
| 4. | **Reading and writing:** Students read the rhyming words and try to use them in a poem. | 15 min |

**EXTENDED ACTIVITIES:** Make a Rhyme Train. Provide the engine or base word and ask students to come up with rhyming words for that word. Every student who supplies a rhyming word would be allowed to join the human Rhyme Train (students moving in a line with hands on each other's shoulders) as it moves slowly around the class. You may also encourage students to compose small poems ending with rhyming words and share them with the rest of the class.

## LESSON 2

**OBJECTIVES:**

- Understand the importance of helping people in need
- identify missing vowels in simple words
- Differentiate between long and short vowel sounds

**LEARNING OUTCOMES:**

- Learn how to help the needy
- Fill in missing vowels in simple words
- Recognize long and short vowel sounds

**Helping others**

Ex. A: Explain that the following statements are from the given passage. Some statements match with those in the passage and need to be marked True. The statements that don't match with the passage are to be marked False.

- Draw three columns on the board with the headings 'Person', 'Place', and 'Thing'. Ask your students to do the same in their exercise books.

  Read the passage on this page. As you read each sentence discuss it with the students and ask questions to check comprehension. After reading the whole passage once, re-read the passage. This time, pause at the end of each sentence and ask your students

## سبق کا مجوزہ خاکہ :

| | کام | دورانیہ |
|---|---|---|
| 1۔ | تعارف : نرسری نظمیں بلند آواز سے پڑھیں۔ | 5 منٹ |
| 2۔ | سرگرمی 'نظم کیا ہوتی ہے؟': طلبا ہم قافیہ الفاظ بتائیں اور انہیں پہچاننا سیکھیں۔ | 10 منٹ |
| 3۔ | سرگرمی 'قافیہ کی زنجیر' : طلبا مختلف ہم قافیہ الفاظ بتائیں۔ | 20 منٹ |
| 4۔ | لکھنا اور پڑھنا: طلبا ہم قافیہ الفاظ پڑھیں اور انھیں نظم میں استعمال کرنے کی کوشش کریں۔ | 15 منٹ |

## توسیعی سرگرمیاں:

ایک 'قافیوں کی ریل گاڑی' (Rhyme Train) بنائیں۔ اس کا انجن یا بنیادی لفظ بچوں کو بتائیں اور ان سے اس لفظ کے ہم قافیہ الفاظ بنانے کو کہیں۔ جو بچہ ہم قافیہ لفظ بتانے میں کامیاب ہو جائے اسے ''بچوں کی قافیہ ریل گاڑی'' (Human Rhyme Train)میں شامل کرلیں (یعنی بچے سامنے والے کے کاندھوں پر ہاتھ رکھ کر ایک دوسرے کے پیچھے لگیں) جو کلاس میں آہستہ آہستہ چل رہی ہو۔ آپ ہم قافیہ الفاظ کی مدد سے بچوں کو خود نظم لکھنے کو کہیں اور ان کی لکھی ہوئی نظمیں کلاس کو سنائیں۔

## سبق 2

### مقاصد:

- ضروت مند لوگوں کی مدد کرنے کی اہمیت کو سمجھیں
- اسم کو پہچانیں گے
- مصوتوں کو پہچانیں گے

### نتائج:

اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہونا چاہیے کہ:

- ضرورت مندوں کی مدد کرنے کا طریقہ سیکھیں۔
- گمشدہ حروف کو آسان الفاظ میں بھریں۔
- لمبے اور چھوٹے حروف کے الفاظوں کو پہچانیں۔

### دوسروں کی مدد کرنا

مشق A: وضاحت کریں کہ درج ذیل بیانات دیے گئے حوالے سے ہیں۔ کچھ بیانات اقتباس میں دیے گئے بیانات سے ملتے ہیں اور انہیں سچ کے طور پر نشان زد کیا جائے گا۔

- 'شخص، جگہ اور چیز' کے عنوانات کے ساتھ بورڈ پر تین کالم کھنچیں۔ اپنے طلبا سے اپنی کاپیوں میں ایسا کرنے کو کہیں۔

اس صفحہ کے حوالہ پڑھیں۔ جب آپ ہر جملے کو پڑھتے جائیں تو طلبا کے ساتھ اس پر تبادلہٗ خیال کریں اور فہم کو جانچنے کے لیے سوالات پوچھیں۔
ایک بار پورا اقتباس پڑھنے کے بعد اس حوالے کو دوبارہ پڑھیں۔ اس بار، ہر جملے کے آخر میں توقف کریں اور اپنے طلبا سے اس میں موجود

to identify the nouns in it. Then place the nouns in the appropriate column with the help of the students. At the end of this activity, you will have a list of nouns sorted into three columns, person, place, or thing.

**Brainstorming activity (Activity time):** Before beginning activity time, ask students to brainstorm whether they helped someone recently. It could be anyone. How did they help that person? Students can note their responses in their notebooks under the heading: The time I helped [specify person]. Volunteers to share their responses.

Next, go through each picture one-by-one. Ask students what is happening or how one person is helping the other person. What would they have done in such situation?

**RESOURCES REQUIRED (Teaching Aids):**

- Pictures of a person, animal, place, or things
- Chart papers and old magazines or newspapers

**METHOD:**

- **Introduction-What is a noun?:** For this introductory activity you will need four pictures, one of each, a person, a place, an animal, and any object. First show your students the picture of a thing, for example a ball, and ask them, “What is this?” Then, show them the picture of a person, for example, a doctor and ask them, “Who is this?” After they reply correctly, show them a picture of a place, for example, a school and ask, “What is this?” Next, show them a picture of an animal, for example, a cow and ask, “What is this?” Tell the students that they have just named a thing, a person, an animal, and a place. The names they have just answered with are called NOUNS. A noun is a word used to name a person, place, animal, or thing.
- **Activity time (Alphabetical nouns):** Tell the students you would now create noun letters. Write all the letters of the alphabet on the board and ask students to supply nouns beginning with each letter. Volunteers may write the nouns for each alphabet on the board themselves or say it out loud.
- **Activity time (‘Spot a noun’):** Read the sentences and ask the students to repeat after you. Then allow them to identify the nouns in each sentence. After this, tell students to work in pairs and read out the sentences to each other.
- **Vowels and consonants:** Sing the alphabet song with the class to revise all the letters of the alphabet. Ask the class how many letters are there in the English alphabet. Wait for their response and then tell them the difference between vowels and consonants. Five letters of the alphabet a-e-i-o-u are vowels and the rest are consonants. Write random words on the board. Then ask volunteers to circle all the vowels.

**Identify the vowel:** Write these words on the board and ask students to call out the vowel.

*z**e**bra* *h**a**t* *b**u**n* *c**o**n**e*** *n**o**t**e*** *m**a**d**e***

Erase the words and re-write following words with missing vowels, like this:

*h_t* *m_g* *m_n*

اسموں کی شناخت کرنے کو کہیں۔ پھر طلبا کی مدد سے اس مو مناسب کالم میں رکھیں۔ اس سرگرمی کے اختتام پر، آپ کے اس اسموں کی فہرست تین کالموں؛ شخص، جگہ یا چیز میں ترتیب دی جائے گی۔

برین اسٹارمنگ سرگرمی (سرگرمی کا وقت): سرگرمی کا وقت شروع کرنے سے پہلے طلبا سے پوچھیں کہ کیا انھوں نے حال ہی میں کسی کی مدد کی ہے۔ یہ کوئی بھی ہوسکتا ہے۔ انھوں نے اس شخص کی مدد کیسے کی؟ طلبا اپنے جوابات کو اپنی نوٹ بک میں اس عنوان کے تحت نوٹ کر سکتے ہیں۔ جب میں نے مدد کی [شخص کی وضاحت کریں]۔ رضا کار اپنے جوابات شیئر کریں۔

اس کے بعد ہر تصویر کو ایک ایک کر کے دیکھیں۔طلبا سے پوچھیں کہ کیا ہو رہا ہے یا ایک شخص دوسرے شخص کی مدد کیسے کر رہا ہے۔ ایسی حالت میں وہ کیا کرتے؟

## تدریس کے لیے درکار امدادی اشیا:

- (کسی شخص، جانور، جگہ، یا چیز کی) تین تصویریں
- چارٹ پیپر اور پرانے رسالے یا اخبارات

## طریقۂ کار:

